درود تاج

درود تاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

رحمت نازل فرما جو صاحب تاج اور معراج

وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَاءِ

اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے وسیلے

وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط

سے بلا وبا قحط مرض اور دکھ دور

اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

ہوتا ہے آپ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت کیا گیا

مَّنْقُوْشٌ فِي اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَيِّدِ

اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے آپ

اَلْعُرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ

عرب و عجم کے سردار ہیں آپ کا جسم نہایت مقدس

مُعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَيْتِ وَ

خوشبودار پاکیزہ اور خانہ کعبہ و حرم پاک میں

الْحَرَمِ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی

منور ہے آپ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری رات کے ماہتاب

صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی كَهْفِ

بلندیوں کے صدر نشین راہِ ہدایت کے نور مخلوقات کی

الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ جَمِيْلِ الشِّيَمِ

جائے پناہ اندھیروں کے چراغ نیک اطوار کے مالک

شَفِيْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ

اُمتوں کے بخشوانے والے بخشش و کرم سے موصوف ہیں

وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ

اللہ آپ کا نگہبان جبریل آپ کے خدمت گذار

وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَ

براق آپ کی سواری اور معراج آپ کا سفر اور

سِدْرَۃُ الْمُنْتَہٰی مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ

سدرۃ المنتہی آپ کا مقام اور (قرب خداوندی) قاب قوسین کا

مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ

مرتبہ آپ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپ کا مقصود ہے اور مقصود

مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ

آپ کو حاصل ہے آپ رسولوں کے سردار نبیوں میں سب سے پیچھے

شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ

آنے والے گنہگاروں کے بخشوانے والے مسافروں کے غمخوار

رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَۃِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ

دنیا جہان کے لیے رحمت عاشقوں کی راحت مشتاقوں

الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ

کی مراد خدا شناسوں کے آفتاب راہِ خدا پر

السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ

چلنے والوں کے چراغ مقربوں کے راہنما محتاجوں

الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ سَیِّدِ

غریبوں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے جن و انس

الثقلین نبی الحرمین امام القبلتین

کے سردار حرمین کے نبی، دونوں قبلوں (بیت المقدس و کعبہ) کے پیشوا

وسیلتنا فی الدارین صاحب قاب قوسین

اور دنیا و آخرت میں ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب قوسین پر فائز

محبوب رب المشرقین ورب المغربین

ہیں دو مشرقوں اور دو مغربوں کے رب کے محبوب ہیں

جد الحسن والحسین مولنا ومولی

حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے جدِ امجد اور ہمارے اور (تمام)

الثقلین ابی القاسم محمد بن عبد

جن و انس کے آقا ہیں یعنی ابی قاسم محمد بن عبداللہ

الله نور من نور الله یایها المشتاقون

جو اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں اے نورِ جمالِ محمدی

بنور جماله صلوا علیه واله واصحبه

کے مشتاقو آپ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر

وسلموا تسلیما ۝

درود و سلام بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے